آڈٹ بیورو آف سرکولیشن (ABC) وزارت اطلاعات ونشریات سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

DAILY NAWA-E-AHMEDPUR SHARQIA

روزنامہ

نوائے احمد پور شرقیہ

بہاولپور

چیف ایڈیٹر: احسان احمد سحر

ایڈیٹر: اعجاز احمد خان

منیجنگ ایڈیٹر: محمد سلیمان فاروقی

ٹیلیفون نمبر: 062-2508053

موبائل: 0301-7740405

E-mail: nawaiahmedpur@gmail.com, daily.nawaiahmedpur@gmail.com

جلد نمبر 20 | بروز جمعۃ المبارک 06 نومبر 2026ء قیمت فی شمارہ 10 روپے زرسالانہ 3 ہزار روپے | شمارہ نمبر 214

وزیراعظم کی فیول سبسڈی دینے والے پٹرول پمپس کے لائسنس منسوخ کرنے کی ہدایت

شہباز شریف نے پرائم منسٹر فیول ریلیف پروگرام کی اب تک کی پیشرفت اور شفافیت پر اطمینان کا اظہار کیا اور کہا کہ رجسٹریشن اور سبسڈی کے حصول کے طریقہ کار کو آسان بنانے کے نتیجے میں رجسٹریشن میں اضافہ ہوا ہے اور زیادہ مستحق شہری اس سہولت سے مستفید ہو رہے ہیں

اجلاس کو پرائم منسٹر فیول ریلیف پروگرام کی پیشرفت پر بریفنگ دی گئی، سبسڈی سکیم کے تحت اب تک 15,519,282 شہری رجسٹر ہو چکے ہیں، جن میں سے 15.06 ملین موٹر بائیکس اور 449 ہزار 800 سی سی تک گاڑیوں کے مالکان ہیں

سبسڈی سکیم کے تحت اب تک 63153,685 ٹوکن جاری ہوئے جن میں سے 59,445,345 ٹوکنز کو استعمال / ریڈیم کیا گیا، فیول سبسڈی سکیم کے تحت 4 نومبر، 2026 تک 28.6 ارب روپے کی ادائیگیاں ہو چکی ہیں



وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت اجلاس

وزارت صحت کو ایک ہفتہ کے اندر انسداد پولیو کا مربوط لائحہ عمل تیار کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ملک میں پولیو کے سامنے آنے والے حالیہ کیسز پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پولیو سے پاک پاکستان کا حصول ایک بڑا چیلنج ہے تاہم ہمارا عزم اور حوصلہ اس چیلنج سے کہیں

بقیہ نمبر 2 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت پرائم منسٹر فیول ریلیف پروگرام کے حوالے سے اہم اجلاس ہوا جس میں پروگرام پر پیشرفت کا جائزہ لیا گیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے پرائم منسٹر فیول ریلیف پروگرام کی اب تک کی پیشرفت اور

بقیہ نمبر 1 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ایچی سن کالج لاہور میں واقع بہاولپور ہاؤس عباسی خاندان کے تعلیمی ورثے کی ایک اہم یادگار ہے

پرنس بہاول عباسی

میرے جدِ امجد نواب صادق محمد خان چہارم نے اپنے صاحبزادے نواب بہاول خان پنجم کیلئے اس عمارت کی تعمیر کروائی تھی بہاولپور ہاؤس کی حالیہ تزئین و آرائش اور بحالی، جس کا افتتاح 3 نومبر 2026 کو کالج کی 140 ویں سالگرہ کی تقریبات کے موقع پر کیا گیا، ایک خوش آئند اقدام ہے۔ ولی عہد امیر آف بہاولپور کا افتتاحی تقریب سے خطاب




لاہور: ولی عہد پرنس بہاول عباس خان عباسی ایچیسن کالج کی ایک سو چالیسویں سالگرہ کی تقریبات میں بہاولپور ہاؤس کی تزئین و آرائش اور بحالی کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

ایک نام نہیں بلکہ ہماری تاریخ کا ایک ذاتی نقش اور ہمارے اسلاف کی موجودگی کی ایک یادگار ہے۔ ایچی سن کالج کی جانب سے اس ستون کو محفوظ رکھنا قابل قدر ہے، تاکہ آنے والی نسلیں بھی اس تاریخی تعلق سے آگاہ رہیں۔ ہماری تاریخ، ہمارے اسلاف کی روایات اور ان کی علمی و تعلیمی خدمات ہمارا قیمتی سرمایہ ہیں۔ ان کی حفاظت اور انہیں آنے والی نسلوں تک پہنچانا ہم سب کی ذمہ داری ہے خیال رہے بہاولپور کے سابق حکمران عباسی خاندان کی پانچ نسلیں نواب بہاول خان عباسی پنجم، نواب سر صادق محمد خان عباسی پنجم، نواب محمد عباس خان عباسی، نواب صلاح الدین عباسی اور ولی عہد پرنس بہاول عباس خان عباسی ایچیسن کالج لاہور کے فارغ التحصیل ہیں

☆☆☆

☆☆☆☆☆☆

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆



لاہور: نواب صادق محمد خان عباسی چہارم کی ایچیسن کالج میں اپنے لختِ جگر نواب بہاول خان عباسی پنجم کے لئے تعمیر کرائے گئے بہاول پور ہاس کا تصویری منظر جسکی اب تزئین و آرائش کی گئی ہے

ایک تاریخی ستون بھی محفوظ ہے جس پر امیر آف بہاولپور نواب محمد عباس خان عباسی نے خود اپنے دستِ مبارک سے اپنا نام تحریر فرمایا تھا۔ یہ محض اقدام ہے۔ یہ ہماری تاریخی عمارات اور ورثے کو محفوظ رکھنے کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے۔ تاریخ کا ایک ذاتی نقش، محفوظ ستون اسی کالج میں



لاہور: ایچیسن کالج میں بہاولپور ہاؤس کی تزئین و آرائش اور بحالی کی تقریب میں شرکا کی بڑی تعداد موجود ہے

لاہور (پ ر) لاہور کے ایچی سن کالج میں واقع بہاولپور ہاس ہماری ریاستی تاریخ اور عباسی خاندان کے تعلیمی ورثے کی ایک اہم یادگار ہے۔ اس عمارت کی تعمیر میرے جدِ امجد نواب صادق محمد خان چہارم نے اپنے صاحبزادے نواب بہاول خان پنجم کے لیے خاندانی وریاستی میراث سے وابستہ یادوں کو تازہ کرنے کا ایک اہم موقع تھا، بہاولپور ہاس کی حالیہ تزئین و آرائش اور بحالی، جس کا افتتاح 3 نومبر 2026 کو کالج کی 140 ویں سالگرہ کی تقریبات کے موقع پر کیا گیا، ایک خوش آئند

بقیہ نمبر 1 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

فیلڈ مارشل کا ایس ایس جی ہیڈ کوارٹرز کا دورہ، جوانوں کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں کو سراہا

فیلڈ مارشل نے یادگار شہدا پر پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی، انہوں نے مادرِ وطن کے دفاع میں جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے ایس ایس جی اہلکاروں کو خراجِ عقیدت پیش کیا



راولپنڈی: (دنیا نیوز (چیف آف آرمی اسٹاف اور چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے سپیشل سروسز گروپ) ایس ایس جی) کے ہیڈ کوارٹرز تربیلا کا دورہ کیا، جہاں پہنچنے پر جی او سی ایس ایس جی نے ان کا استقبال کیا۔ پاک فوج

بقیہ نمبر 9 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

جعلی خبروں اور ڈس انفارمیشن کا پھیلاؤ آج کا سب سے بڑا سائبر چیلنج ہے

عطا تارڑ

پیکا ایکٹ آزادی اظہار رائے پر قدغن نہیں، اس کا اطلاق صرف الیکٹرانک کرائم پر ہوتا ہے، آزادی اظہار رائے پر کوئی پابندی نہیں وفاقی وزیر اطلاعات



اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ الیکٹرانک میڈیا کے آنے سے ریگولیشن فریم ورک بنے، آج کے دور میں جعلی اور غیر مصدقہ خبریں سب سے بڑا چیلنج ہیں، مصنوعی ذہانت کا مثبت استعمال یقینی بنانا

بقیہ نمبر 4 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پنجاب پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اتھارٹی کے تحت ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ اجلاس

کمشنر بہاولپور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا نے اجلاس کی صدارت کی

بہاول پور (پ ر) کمشنر بہاولپور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا کی زیر صدارت پنجاب پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اتھارٹی کے تحت ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں بہاولپور ڈویژن کے تینوں اضلاع میں عوامی سہولیات کی بہتری، شہری انفراسٹرکچر کی ترقی اور میونسپل سروسز کے فروغ کے لیے مجوزہ ترقیاتی

بقیہ نمبر 3 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور رانا عبدالوہاب کی اپنے دفتر میں کھلی کچہری

شہریوں نے اپنے مسائل براہ راست ڈی پی او بہاولپور کے سامنے پیش کیے

بہاول پور (پ ر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور رانا عبدالوہاب کی جانب سے شہریوں کے مسائل کے فوری اور میرٹ پر حل کے لیے روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ آج منعقدہ کھلی کچہری میں 22 سے زائد

بقیہ نمبر 5 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

معروف عالم دین ممبر ڈسٹرکٹ امن کمیٹی مولانا محمد احمد جالندھری کی صاحبزادی کی نماز جنازہ ادا کر دی گئی

نماز جنازہ میں ضلع بھر سے علمائے کرام سیاسی وسماجی شخصیات وکلا صحافیوں معززین علاقہ شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی



احمد پور شرقیہ: ممبر ڈسٹرکٹ امن کمیٹی مولانا محمد احمد جالندھری کی صاحبزادی کی نماز جنازہ جامعۃ الحنیف اسلامیہ میں ادا کی جا رہی ہے شرکا کی کثیر تعداد موجود ہے۔

احمد پور شرقیہ (تحصیل رپورٹر) معروف عالم دین ممبر ڈسٹرکٹ امن کمیٹی مولانا محمد احمد جالندھری کی صاحبزادی مولانا محمد ذیشان جالندھری کی ہمشیرہ بقضائے الٰہی سے وفات پا گئی مرحومہ کی نماز جنازہ جامعۃ الحنیف الاسلامیہ میں مولانا محمد احمد جالندھری کی امامت میں ادا کردی گ ءنماز جنازہ میں ممبران ڈسٹرکٹ امن کمیٹی مولانا محمد اشفاق سلفی خواجہ محبوب الحسن شیخ محمد ایوب امیدوار ایم پی اے میاں بلیغ الرحمٰن سابق

بقیہ نمبر 17 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

نومبر میں ملک کے بیشتر علاقوں میں معمول سے زیادہ بارشوں کا امکان

محکمہ موسمیات نے نومبر 2026 کے موسم کا آٹ لک جاری کر دیا، جنوبی بلوچستان، سندھ اور جنوبی پنجاب کے بعض علاقوں میں معمول سے کم بارشیں متوقع ہیں



اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) محکمہ موسمیات نے نومبر 2026 کے موسم کا آٹ لک جاری کر دیا، جس کے مطابق رواں ماہ ملک کے بیشتر علاقوں میں معمول یا معمول سے زیادہ بارشوں کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق

بقیہ نمبر 13 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ڈی پی او رانا عبدالوہاب کی ہدایات پر جرائم پیشہ عناصر کیخلاف موثر کارروائیاں جاری

گزشتہ 24 گھنٹوں میں مختلف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 9 0 ملزمان گرفتار

بہاولپور (پ ر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب کی ہدایات پر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف موثر کارروائیاں جاری، بہاولپور پولیس نے گزشتہ 24 گھنٹوں میں مختلف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 9 0 ملزمان

بقیہ نمبر 6 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

شوگر کرشنگ سیزن کے پیش نظر موٹروے پولیس کی روڈ سیفٹی مہم تیز

دیہی علاقوں میں ڈرائیورز کو خصوصی آگاہی سیشن،

موٹر سائیکل سواروں، ٹریکٹر ٹرالی ڈرائیورز اور گنے کے کاشتکاروں کو محفوظ سفر اور ٹریفک قوانین پر عمل درآمد کے حوالے سے آگاہی فراہم کی گئی



کے پیش نظر موٹروے پولیس کی روڈ سیفٹی مہم تیز، دیہی علاقوں میں ڈرائیورز کو خصوصی آگاہی جن پور) نامہ نگار (شوگر کرشنگ سیزن کے دوران ٹریفک حادثات کی روک تھام اور انسانی جانوں کے تحفظ کے لیے نیشنل ہائی ویز اینڈ

بقیہ نمبر 8 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



لاہور: وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف خصوصی اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں۔

ڈائریکٹوریٹ آف سٹوڈنٹس افیئرز اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور نے آئی یو بی اسٹوڈنٹ ویلفیئر اینڈ ڈسکانٹ اینیشیٹو کا آغاز کیا

بہاول پور (پ ر) ڈائریکٹوریٹ آف سٹوڈنٹس افیئرز اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور نے آئی یو بی اسٹوڈنٹ ویلفیئر اینڈ ڈسکانٹ اینیشیٹو کا آغاز کیا ہے۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد کامران کے طلبا وطالبات کے لیے زیادہ سے زیادہ سہولیات دینے کے اقدامات کے تحت بہاولپور کے معروف کاروباری اداروں کے ساتھ باضابطہ

بقیہ نمبر 7 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

جمعیت علما پاکستان اور دارالعلوم مرکزی جامع مسجد غوثیہ لیاقت پور کے زیر اہتمام تحفظِ عقیدہ تاجدارِ ختمِ نبوت کانفرنس کے لیے اجلاس

عقیدہ ختم نبوت ہمارے ایمان کی اساس اور ہمارے دین کا بنیادی عقیدہ ہے، تحفظ ختم نبوت کے پیغام کو عام کرنا ہر مسلمان کی دینی وملی ذمہ داری ہے، مقررین



اللہ آباد (نامہ نگار) جمعیت علما پاکستان اور دارالعلوم مرکزی جامع مسجد غوثیہ لیاقت پور کے زیر اہتمام آج مورخہ 6 نومبر 2026 بروز جمع المبارک بعد نماز عشا منعقدہ ہونے والی سالانہ عظیم الشان روح پرور اور فقید المثال تحفظ عقیدہ تاجدار ختم نبوت کانفرنس کے انتظامات کو حتمی شکل دینے کے لیے گزشتہ روز ایک اہم ہنگامی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت سٹی صدر جمعیت علما

بقیہ نمبر 24 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

روپیہ مستحکم، انٹر بینک میں ڈالر مزید تین پیسے سستا ہو گیا

کراچی (سی ایم لنکس) انٹر بینک مارکیٹ میں روپے کے مقابلے میں ڈالر مزید سستا ہو گیا۔ کاروباری ہفتے کے چوتھے روز انٹر بینک میں

بقیہ نمبر 22 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

کاروباری برادری کو سینیٹ کی قائمہ کمیٹیوں میں تجاویز پیش کرنے کا موقع دیا جائیگا، چیئرمین سینٹ

لاہور چیمبر میں اجلاس سے خطاب

لاہور (سی ایم لنکس) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ کاروباری برادری کو سینیٹ کی متعلقہ قائمہ کمیٹیوں، بالخصوص خزانہ، معاشیات، تجارت اور صنعت سے متعلق اپنے مو قف اور تجاویز پیش کرنے کا موقع دیا جائے گا۔ لاہور چیمبر میں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ میثر معاشی پالیسی سازی کے لیے

بقیہ نمبر 23 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

لوکل روڈز پروگرام ڈیش بورڈ کو اپ ڈیٹ کرنے کے لیے جاری کردہ ہدایات

صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات ملک صہیب احمد بھرتھ کی زیر صدارت اجلاس

لاہور (سی ایم لنکس) صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات ملک صہیب احمد بھرتھ کی زیر صدارت لوکل روڈز پروگرام کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں لوکل روڈز پروگرام کے تحت بننے والی سڑکوں کے ڈیش بورڈ کا جائزہ لیا

بقیہ نمبر 19 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

لاہور فضائی آلودگی کے اعتبار سے دنیا کے آلودہ ترین شہروں میں سرفہرست

لاہور (سی ایم لنکس) لاہور فضائی آلودگی کے اعتبار سے دنیا کے آلودہ ترین شہروں میں پہلے

بقیہ نمبر 14 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

یوم اقبال کے موقع پر ملک بھر میں عام تعطیل کا نوٹیفکیشن جاری

لاہور (سی ایم لنکس) یوم اقبال کے موقع پر ملک بھر میں عام تعطیل کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا

بقیہ نمبر 12 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

نائب وزیراعظم سے برطانیہ کے وزیر مملکت برائے سلامتی کی ملاقات

تعاون کو مزید فروغ دینے پر اتفاق

اسلام آباد (سی ایم لنکس) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے برطانیہ کے وزیر مملکت برائے سلامتی ڈین جاروس نے ملاقات کی۔ جمعرات کو دفتر خارجہ کے مطابق ملاقات میں دونوں جانب سے پاکستان اور برطانیہ کے دوطرفہ تعلقات کا جائزہ لیا گیا۔ ملاقات میں سلامتی، قانون نافذ کرنے والے اداروں کے

بقیہ نمبر 10 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



لودھراں: ڈپٹی کمشنر محمد اشرف کے پی آئی پر فارمنس بارے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

مولانا فضل الرحمان سے منسلک مدرسہ اختر العلوم کو غیر قانونی تعمیر پر نوٹس

قانونی تقاضے پورے نہ کرنے کی صورت میں مدرسے کی عمارت کو سیل کیا جا سکتا ہے

اسلام آباد (سی ایم لنکس) مولانا فضل الرحمان کی جماعت جمعیت علمائے اسلام (ف) سے منسلک مدرسہ اختر العلوم کو قانونی خلاف ورزیوں پر سی ڈی اے کا نوٹس جاری کر دیا گیا۔ کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے ڈائریکٹوریٹ آف بلڈنگ کنٹرول (ساؤتھ) کی جانب سے جے یو آئی (ف) سے منسلک مدرسہ اختر العلوم

بقیہ نمبر 11 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

فی تولہ سونے کی قیمت میں 9 ہزار 600 روپے کا بڑا اضافہ

کراچی (سی ایم لنکس) عالمی مارکیٹ میں سونے کی قیمتوں میں اضافے کے باعث پاکستان میں بھی سونے کے نرخوں میں بڑا اضافہ ریکارڈ کیا

بقیہ نمبر 18 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پنجاب کے سرکاری قانونی نظام کی ڈیجیٹلائزیشن کی طرف اہم قدم

صوبائی وزیر قانون رانا محمد اقبال خان لاافسران میں ٹیبلٹ تقسیم کر رہے ہیں

عدالتی کارروائی اور کیس کی پیش رفت کی ڈیجیٹل مانیٹرنگ ممکن ہوگی: صوبائی وزیر قانون

لاہور (سی ایم لنکس) صوبائی وزیر قانون رانا محمد اقبال خاں نے کہا ہے کہ حکومت پنجاب حکومت کے قانونی نظام کو جدید بنانے، عدالتی مقدمات کی موثر پراسیکیوشن کو یقینی بنانے اور سرکاری امور میں زیادہ شفافیت اور کارکردگی لانے کے لیے ڈیجیٹلائزیشن کے عمل کو تیز کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف

بقیہ نمبر 15 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

عالمی منڈی میں تیل کی قیمتیں مزید گر گئیں

لندن (سی ایم لنکس) امریکا میں مڈ ٹرم الیکشن کے نتائج آتے ہی بین الاقوامی تیل منڈی میں قیمتیں گر گئیں۔ امریکی خام تیل ڈبلیو ٹی آئی

بقیہ نمبر 16 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



بہاولپور: ڈی پی او رانا عبدالوہاب کھلی کچہری میں شہریوں کے مسائل دریافت کرنے کے بعد ان کے حل کے لئے احکامات جاری کر رہے ہیں۔

احسن اقبال اور عطا اللہ تارڑ کی ملاقات،

سیاحت کے فروغ کے لیے قومی سطح پر موثر ادارہ جاتی نظام کی ضرورت پر زور

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی وخصوصی اقدامات احسن اقبال سے وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا اللہ تارڑ نے ملاقات کی، جس میں وزیراعظم کے مشیر برائے سیاحت سردار ایاز نے پاکستان میں سیاحت کے فروغ کے اقدامات اور 2025-26 کی کامیابیوں پر بریفنگ دی۔ ملاقات میں سیاحت

بقیہ نمبر 20 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

راولپنڈی رنگ روڈ کا افتتاح آٹھویں مرتبہ مؤخر

راولپنڈی (سی ایم لنکس) راولپنڈی رنگ روڈ کا افتتاح آٹھویں مرتبہ بھی مؤخر کر دیا گیا، 6 نومبر کو وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز منصوبے کا افتتاح نہیں کریں گی۔ پنجاب رنگ روڈ اتھارٹی نے

بقیہ نمبر 21 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



بہاولپور: ڈی پی او کے احکامات، پولیس کا مختلف علاقوں میں گرینڈ آپریشن، متعدد ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں شراب اور اسلحہ ناجائز برآمد۔

ایک دام

نشاط نیبرکس

پروپرائیٹر میاں خالد اینڈ سنز

آپ کا اعتماد..... ہماری پہچان

نزد رسول پلازہ ڈیرہ نواب روڈ

میاں بلال خالد 0332-6263802– میاں عمر خالد 0331-7567242

جینٹس ورائٹی، یامین، زین جی، اپ ٹائم، رواج، کرینٹ، کراؤن، پوری، نارکنز لیڈیز ورائٹی، بن الیاس، ایڈن روب، رنگ رسیہ، ایمان عدیل، علیزے، زل بری، شنائیل، میرین کلاسک، بن وحید، بن سعید، پیری ڈوٹ، موٹفز، شادی بیاہ کی اعلیٰ ترین ورائٹی آپ کی پسند کے مطابق دستیاب ہے۔

آپ کا اعتماد..... ہمارا معیار

نشاط آوٹ فٹ

ہمارے ہاں

بن سعید | سکس برو | کارلو کلب

مسٹر ہارون | آئی پی | ایم پی

زارا | نائیک | پولو

فورکڈز | بیس | بینگو

کڈز | بے بی بابا | کرتا شلوار

میاں حمزہ خالد

0300-4655291

فراک کی اعلیٰ ترین ورائٹی دستیاب ہے

پینٹ شرٹ ہر سائز میں خرید فرمائیں۔

شاپ نمبر 1 جنگو پلازہ ڈیرہ نواب روڈ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Muslim Public High School

مسلم پبلک ہائی سکول

(بوائز اینڈ گرلز)

پرنسپل : محمد اسماعیل فاروقی

ایم اے ایل ایل بی

0300-8884846

کچہری روڈ احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Ahmedpur Public High School

احمد پور پبلک ہائی سکول

(بوائز اینڈ گرلز)

کنگن روڈ احمد پور شرقیہ

پرنسپل محمد یوسف فاروقی

بی اے ایل ایل بی

0301-8688787

EFA School System

ایفا سکول سسٹم

نرسری تا نہم

پنجاب گروپ آف کالجز کا تعلیمی منصوبہ

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

نزد پنجاب کالج فنچی موڑ احمد پور شرقیہ

اب نئی انتظامیہ کے ساتھ

The Educators

دی ایجوکیٹرز

نرسری تا پنجم

بین ہاؤس سکول سسٹم کا پراجیکٹ

عثمان کیمپس

سیٹلائٹ ٹاؤن بالمقابل مدینہ مسجد

نزد مسجد العزیز حمزہ ٹاؤن احمد پور شرقیہ

Punjab College (Ahmedpur East)

پنجاب کالج

(احمد پور شرقیہ)

F.Sc | I.C.S. | FA(IT)

BS | BS | BS (Computer Scienic)

بوائز اور گرلز کیلئے علیحدہ علیحدہ کیمپس

قنچی موڑ ڈیرہ نواب روڈ احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Al Saleem Public School

السلیم پبلک سکول (رجسٹرڈ)

(نرسری تا میٹرک)

(بوائز اینڈ گرلز)

پرنسپل وڈائریکٹر

ارشد سلیم

نزد ہائی وے مسافر خانہ

کے ایل پی روڈ مسافر خانہ تحصیل بہاولپور صدر ضلع بہاولپور

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

پبلک ہائیر سیکنڈری

احمد پور سکول

بوائز اینڈ گرلز

نرسری تا میٹرک

6 کنال رقبہ پر مشتمل سکول کیمپس

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

ایم اے، بی ایڈ، ایل ایل بی

0300-8688787



لاہور: صوبائی وزیر تعمیرات ومواصلات ملک صہیب احمد بھرتھ لوکل روڈ پروگرام کے ڈش بورڈ ڈیٹا کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔



وہاڑی: ڈپٹی کمشنر خالد جاوید گورائیہ سپیشل ایجوکیشن سکول پیر مرادوٹ کے موقع پر کلاس رومز اور کمپیوٹر لیب میں جدید تعلیمی وتدریسی سہولیات کا جائزہ لے رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 01

شفافیت پر اطمینان کا اظہار کیا اور کہا کہ رجسٹریشن اور سبسڈی کے حصول کے طریقہ کار کو آسان بنانے کے نتیجے میں رجسٹریشن میں اضافہ ہوا ہے اور زیادہ مستحق شہری اس سہولت سے مستفید ہو رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ مستحق شہریوں کے لیے ٹیکنالوجی پر مبنی یہ شفاف سبسڈی اسکیم مستقبل میں عوامی فلاح و بہبود کے ایسے اقدامات کے لیے ایک گیم چینجر ثابت ہوگی۔انہوں نے سکیم کے حوالے سے مانیٹرنگ اور کارگر ڈیش بورڈ ترتیب دینے پر وفاقی وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کام شزا فاطمہ، وفاقی سیکریٹری انفارمیشن ٹیکنالوجی وٹیلی کام ضرار ہاشم خان اور ان کی ٹیم کی پذیرائی کی۔وزیراعظم نے پٹرولیم سبسڈی سکیم کے تحت رجسٹرڈ مستحقین کو سہولت فراہم نہ کرنے والے پٹرول پمپس کے لائسنس منسوخ کرنے کی ہدایت کی۔اجلاس کو پرائم منسٹر فیول ریلیف پروگرام کی پیشرفت پر بریفنگ دی گئی،سبسڈی سکیم کے تحت اب تک 15,519,282 شہری رجسٹر ہو چکے ہیں، جن میں سے 15.06 ملین موٹر بائیکس اور 449 ہزار 800 سی سی تک گاڑیوں کے مالکان ہیں۔سبسڈی سکیم کے تحت اب تک 63153,685 ٹوکن جاری ہوئے جن میں سے 59,445,347 ٹوکنز کو استعمال / ریڈیم کیا گیا، فیول سبسڈی سکیم کے تحت 4 نومبر، 2026 تک 28.6 ارب روپے کی ادائیگیاں ہوچکی ہیں۔بریفنگ میں بتایا گیا کہ پرائم منسٹر فیول ریلیف اسکیم کے حوالے کی معلومات اور شکایات کے ازالے کے لئے صارفین اور پیٹرول پمپس کے لئے الگ الگ کال سینٹرز قائم کئے گئے ہیں۔اجلاس میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار، وفاقی وزیر اقتصادی امور احد خان چیمہ، وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی مصدق ملک، وفاقی وزیر خزانہ و محصولات محمد اورنگزیب، وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا اللہ تارڑ، وزیر پٹرولیم ڈویژن علی پرویز ملک، وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی، وزیراعظم کے معاون خصوصی طارق باجوہ، وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے توانائی لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ ظفر اقبال اور متعلقہ اعلی سرکاری افسران نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر 02

زیادہ مضبوط ہے ، انسداد پولیو مہمات کے دوران فرنٹ لائن ورکرز کی مسلسل رسائی اور ان کی سکیورٹی یقینی بنانا حکومت کی اولین ترجیح ہے، وزارت صحت ایک ہفتہ کے اندر چاروں صوبوں سے مشاورت کرکے انسداد پولیو کا مربوط لائحہ عمل تیار کرے۔ جمعرات کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیرصدارت انسداد پولیو پر جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔اس موقع پر وزیراعظم نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ پولیو سے پاک پاکستان کا حصول ایک بڑا چیلنج ہے تاہم ہمارا عزم اور حوصلہ اس چیلنج سے کہیں زیادہ مضبوط ہے،صوبوں اور تمام سٹیک ہولڈرز کے ساتھ قریبی مشاورت اور مشترکہ حکمتِ عملی کے ذریعے پاکستان سے پولیو کا مکمل خاتمہ یقینی بنانا ہے۔وزیراعظم نے ملک بھر میں انسداد پولیو مہمات کی کامیاب انعقاد کے لئے فرنٹ لائن پولیو ورکرز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے عزم، محنت اور خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ انسداد پولیو مہمات کے دوران فرنٹ لائن ورکرز کی مسلسل رسائی اور ان کی سکیورٹی یقینی بنانا حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ وزیراعظم نے ہدایت کی کہ ملک بھر میں معمول کے حفاظتی ٹیکہ جات کی کوریج کو مزید بہتر بنایا جائے۔وزیراعظم نے خصوصی طور پر پولیو سے متاثرہ اور پولیو کے حوالے سے تشویش کے حامل علاقوں میں حفاظتی ٹیکہ جات کی کوریج بڑھانے کی ہدایت کی۔ وزیراعظم نے سکیورٹی کے حوالے سے حساس اور مشکل علاقوں میں انسداد پولیو مہمات کے لئے رسائی میں نمایاں بہتری کو قابلِ تحسین قرار دیا۔ وزیراعظم نے ملک میں سامنے آنے والے حالیہ پولیو کیسز پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پولیو کے خلاف پہلے سے زیادہ بہتر حکمت عملی اور بھرپور جدوجہد سے آگے بڑھنا ہوگا۔وزیراعظم نے وفاقی وزیر، وزیر مملکت، سیکرٹری قومی صحت اور انسداد پولیو ٹیم کے اراکین کو فوری طور پر چاروں صوبوں کا فوری دورہ کرکے وزرا اعلی اور چیف سیکرٹریز سے ملاقاتوں کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ ایک ہفتے کے اندر چاروں صوبوں سے مشاورت کے بعد انسداد پولیو کا مربوط لائحہ عمل تیار کیا جائے۔اجلاس کو ملک میں حالیہ پولیو کیسز اور انسداد پولیو کے حوالےسے اقدامات پر بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ آج ہی ضلع خیبر سے پولیو کا نیا کیس سامنے آیا ہے جس کے بعد رواں سال ملک میں پولیو کیسز کی تعداد 9 ہو گئی ۔2026 میں صوبہ خیبر پختونخوا میں ضلع خیبر سے 3، بنوں سے 3 اور شمالی وزیرستان سے ایک پولیو کیس سامنے آیا،ضلع خیبر سے سامنے آنے والے تمام پولیو کیسز افغانستان کے پولیو وائرس سے متعلق ہیں۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ رواں سال صوبہ سندھ میں ضلع کراچی شرقی سے ایک اور ضلع سجاول سے ایک پولیو کیس سامنے آیا ،افغانستان سے ہونے والی آمدورفت پاکستان میں اس وقت پولیو کے پھیلنے کی ایک بڑی وجہ ہے،صوبہ پنجاب میں فروری 2025 سے پولیو کا کوئی نیا کیس سامنے نہیں آیا، صوبہ بلوچستان سے 2025 اور 2026 میں پولیو کا کوئی نیا کیس سامنے نہیں آیا جبکہ آزاد جموں وکشمیر اور گلگت بلتستان پہلے سے پولیو سے پاک ہیں۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ رواں سال صوبہ سندھ کے ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس کی مقدار میں کمی دیکھنے میں آئی ہے،انسداد پولیوٹیموں کی سکیورٹی بہتر بنانے اور انہیں خیبر پختونخوا کے جنوبی اضلاع میں بہتر رسائی دینے کے حوالےسے ہرممکن اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔اجلاس میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار، وفاقی وزیرموسمیاتی تبدیلی مصدق ملک، وفاقی وزیر اقتصادی امور احد خان چیمہ، وفاقی وزیر قومی صحت سید مصطفی کمال، وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ، وزیر مملکت برائے قومی صحت ڈاکٹر ملک مختار احمد بھرتھ، وزیراعظم کی فوکل پرسن برائے انسداد پولیو سینیٹر عائشہ رضا فاروق اور متعلقہ اعلیٰ سرکاری افسران نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر 03

منصوبوں کا جائزہ اور مختلف منصوبوں کی فزیبلٹی، تکنیکی پہلوؤں، مالیاتی امور اور عمل درآمد کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔اجلاس میں ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا، ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ ملک محبوب الٰہی کھر، ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن نعیم صادق چیمہ اور دیگر متعلقہ افسران موجود تھے جبکہ ڈپٹی کمشنر بہاولنگر سید محمد عباس شاہ، ڈپٹی کمشنر رحیم یار خان ظہیر انور جپہ اور ڈویژن بھر کے اسسٹنٹ کمشنرز بذریعہ ویڈیو لنک شریک ہوئے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ بہاولپور شہر میں مذبح خانے، نیشنل ہوٹل سائٹ اور ریلوے اسٹیشن کے قریب کمرشل مارکیٹ کے قیام جبکہ ہارون آباد کے چک 4-R/73 میں مذبح خانے کے منصوبوں کو آئندہ ایک ہفتے میں حتمی شکل دے دی جائے گی۔ ضلع رحیم یار خان میں جدید سہولیات سے آراستہ نئے مذبح خانے کے قیام کے ساتھ میونسپل کمیٹی کی حدود میں نئی میونسپل مارکیٹ قائم کرنے کا منصوبہ بھی شامل ہے۔اسی طرح ترنڈہ سوائے خان میں 21 دکانوں اور صادق آباد میں 22 دکانوں پر مشتمل میونسپل مارکیٹس قائم کی جائیں گی، جن سے مقامی سطح پر تجارتی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ شیخ زید ہسپتال رحیم یارخان میں مریضوں اوران کے لواحقین کی سہولت کے لیے کثیر المنز لہ کیفے ٹیریا، کینٹین اور کار پارکنگ کا منصوبہ بھی تجویز کیا گیا ہے۔رحیم یارخان وائلڈ لائف پارک کی تزئین و آرائش اور اپ گریڈیشن کے ذریعے تفریحی سہولیات کو مزید بہتر بنایا جائے گا۔لیاقت پور میں جدید مذبح خانے اور جدید بس اسٹینڈ کی تعمیر کے منصوبے بھی مجوزہ ترقیاتی منصوبوں کا حصہ ہیں۔اجلاس کو مزید بتایا گیا کہ ہارون آباد جنرل بس اسٹینڈ میں سات پبلک ٹوائلٹس کی تعمیر اور آپریشن جبکہ جدید مذبح خانے کی تعمیر کا منصوبہ زیرغور ہے۔منچن آباد میں میونسپل کمیٹی آفس کے سامنے نو دکانیں تعمیر کرکے آپریشنل کی جائیں گی، جبکہ لاری اڈا منچن آباد میں مسافروں اور شہریوں کی سہولت کے لیے دس پبلک ٹوائلٹس تعمیر کیے جائیں گے۔ ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال بہاولنگر میں ڈاکٹرز اور نرسز کے لیے موجودہ سرکاری رہائشی ہاسٹلز کی تزئین و آرائش کا منصوبہ بھی شامل ہے۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت ترنڈہ سوائے خان اور صادق آباد کی میونسپل مارکیٹس، شیخ زاید ہسپتال کے کیفے ٹیریا اور منچن آباد میونسپل کمیٹی آفس کی دکانوں کے منصوبے حتمی منظوری کے مراحل کے لیے تیار ہیں۔ کمشنر بہاولپور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا نے ہدایت کی کہ تمام مجوزہ منصوبوں کی فزیبلٹی، تکنیکی پہلوؤں اور مالیاتی امور کا جامع جائزہ لے کر مقررہ ٹائم لائن کے مطابق پیش رفت یقینی بنائی جائے۔ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے منصوبوں کی تیاری اور منظوری کے تمام مراحل تیز کیے جائیں تاکہ عوام کو جدید اور معیاری سہولیات کی فراہمی جلد ممکن بنائی جا سکے۔انہوں نے کہا کہ تمام منصوبوں میں شفافیت، معیار تعمیر اور پائیداری کو بنیادی اہمیت دی جائے اور متعلقہ محکمے باہمی رابطے اور مؤثر حکمت عملی کے تحت زیرالتواا امور فوری حل کریں تاکہ ترقیاتی منصوبوں پر عملی پیش رفت میں کسی قسم کی تاخیر نہ ہو۔

بقیہ نمبر 04

ہوگا۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے عطا تارڑ نے کہا کہ زندگی کے ہر شعبے میں ٹیکنالوجی کا استعمال ناگزیر ہے، ترقیاتی اہداف کے حصول کے لیے یو این ڈی پی کے ساتھ مل کر کام کر رہے ہیں، پائیدار ترقی کا مقصد موجودہ اور آنے والی نسلوں کے بہتر مستقبل کو یقینی بنانا ہے۔انہوں نے کہا کہ آج کا سب سے بڑا خطرہ ڈس انفارمیشن ہے، ہر انسان کو اس چیلنج کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، معلومات کے پھیلا سے زیادہ ان کی تصدیق ضروری ہے، سوشل میڈیا پر فیکٹ چیک کے نظام کو بہتر بنانا اہم ضرورت ہے، ڈیجیٹل میڈیا میں خصوصی کورسز متعارف ہونے چاہئیں۔وفاقی وزیر اطلاعات کا کہنا تھا کہ معرکہ حق کے دوران جنریشن زی نے سوشل میڈیا پر کمال مہارت کا مظاہرہ کیا، بھارتی میڈیا کی جانب سے پھیلائی گئی جعلی خبروں کا پاکستانی میڈیا نے ذمہ داری سے جواب دیا۔عطا تارڑ نے کہا کہ سوشل میڈیا پر معلومات کا غلط پھیلا روکنا اہم چیلنج ہے، مصنوعی ذہانت کے منفی استعمال کا رجحان بھی خطرناک ہے، سائبر کرائمز کی روک تھام کے لیے نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی قائم کی گئی ہے جبکہ الیکٹرانک میڈیا کے لیے پیمرا موجود ہے۔انہوں نے کہا کہ پیکا ایکٹ آزادی اظہار رائے پر قدغن نہیں، اس کا اطلاق صرف الیکٹرانک کرائم پر ہوتا ہے، آزادی اظہار رائے پر کوئی پابندی نہیں، ڈیفیمیشن لا کو بھی مضبوط بنانے کی ضرورت ہے۔وفاقی وزیر نے کہا کہ ڈیجیٹل محاذ پر جرائم کی روک تھام کے لیے قوانین مضبوط کیے گئے ہیں جبکہ سوشل میڈیا کے منفی استعمال کو روکنے کے لیے آگاہی ضروری ہے۔

بقیہ نمبر 05

شہریوں نے شرکت کر کے اپنے مسائل براہ راست ڈی پی او بہاولپور کے سامنے پیش کیے۔تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے ویژن اور احکامات کی روشنی میں منعقدہ کھلی کچہری کے دوران ڈی پی او رانا عبدالوہاب نے تمام سائلین کے مسائل فردا فردا تفصیل سے سنے اور متعلقہ افسران کو بذریعہ فون فوری قانونی کارروائی اور بروقت واپسی رپورٹ پیش کرنے کے احکامات جاری کیے۔ڈی پی او بہاولپور نے مختلف درخواستوں پر انکوائریوں کے احکامات جاری کرتے ہوئے ریکوری کے مقدمات میں متعلقہ تفتیشی افسران کو ہدایت دی کہ جلد از جلد ریکوری مکمل کر کے مال مسروقہ مدعیان کے حوالے کیا جائے اور اس ضمن میں رپورٹ پیش کی جائے۔انہوں نے واضح کیا کہ غفلت یا تاخیر کے مرتکب افسران کے خلاف محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔اس موقع پر ڈی پی او رانا عبدالوہاب کا کہنا تھا کہ کھلی کچہریوں کا مقصد وزیر اعلی پنجاب کے ویژن کے مطابق شہریوں کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا اور عوام و پولیس کے درمیان اعتماد کے رشتے کو مزید مضبوط بنانا ہے۔شہریوں نے ڈی پی او بہاولپور کے اس اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ مسائل کے فوری حل کے لیے پولیس افسران تک براہ راست رسائی ایک خوش آئند اور مثبت قدم ہے۔

بقیہ نمبر 06

گرفتار کئے، گرفتار ملزمان کے قبضہ سے بھاری مقدار میں شراب ،منشیات و اسلحہ ناجائز برآمد۔سماج دشمن عناصر کسی رعائت کے مستحق نہیں، ڈی پی او تفصیلات کے مطابق تھانہ مسافرخانہ ،سٹی احمد پورشرقیہ اور تھانہ صدر یزمان پولیس نے شراب فروشی کے مرتکب 06 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 114 لیٹر شراب برآمد کرلی۔اسی طرح تھانہ بغداد الجدید اور تھانہ سٹی یزمان پولیس نے منشیات فروشی کے مرتکب 01 ملزم کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے 22 گرام کرسٹل آئس برآمد کرلی۔ جبکہ تھانہ عباس نگر پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے کے مرتکب 02 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 02 عدد پسٹل 30 بور برآمد کرلئے۔گرفتار ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرکے مزید انٹیروگیشن شروع کردی گئی۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب نے کہا کہ معاشرے کو منشیات اور دیگر سماجی برائیوں سے پاک کرنا بہاولپور پولیس کی اولین ترجیح ہے۔انہوں نے واضح کیا کہ جرائم پیشہ عناصر، منشیات فروشی میں ملوث افراد کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی اور قانون شکنی کرنے والوں کے ساتھ کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی۔

بقیہ نمبر 07

رعایتی شراکت داری کے معاہدے کیے گئے ہیں۔ڈائریکٹر اسٹوڈنٹ افیئرز پروفیسر ڈاکٹر آصف نوید رانجھا نے متعلقہ کاروباری نمائندوں کے ساتھ شراکت داری کے معاہدوں پر دستخط کیے۔ ان میں لاتاسکا ریسٹورنٹ ایونزا گارڈن ریسٹورنٹس اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کے طلبا وطالبات کو 20 فیصد ڈسکانٹ دیں گے۔ کبابش گرل اور کبابش کانٹینینٹل ریسٹوران 15 فیصد ڈسکانٹ فراہم کریں گے ۔ دریں اثنا نیاگرا فالز ہوٹل و بینکوئٹ ہال کی بکنگ پر 15 فیصد کیفے کلاڈ 9 پر 20 فیصد 25 فیصد رعایت دے گا۔ تمام ڈسکانٹ اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور سٹوڈنٹ کارڈ پر دستیاب ہیں۔ پروفیسر ڈاکٹر آصف نوید رانجھا نے کہا کہ پروفیسر ڈاکٹر محمد کامران وائس چانسلر اسلامیہ یونیورسٹی آف بہاولپور کے ویژن کے مطابق ڈائریکٹوریٹ آف اسٹوڈنٹ افیئرز ٹرانسپورٹ اور ہیلتھ کیئر سمیت دیگر شعبوں میں ایسے فلاحی رعایتی اقدامات کو وسعت دیتا رہے گا۔ ان کوششوں میں نقل وحمل، طبی مشاورت، ادویات اور تشخیصی ٹیسٹ پر رعایتیں شامل ہوں گی۔اس سلسلے میں چغتائی لیب نے پہلے ہی اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کے طلباوطالبات کو اپنے سٹوڈنٹ کارڈز پر لیبارٹری ٹیسٹوں پر 30 فیصد رعایت فراہم کرنے پر رضامندی ظاہر کر دی ہے۔ پروفیسر ڈاکٹر آصف نوید رانجھا نے یاسر مبین رانجھا،ل سی ای او، فیوچر لنک ایجوکیشن کنسلٹنٹس بہاولپور کا بھی خصوصی طور پر شکریہ ادا کیا جنہوں نے شراکت داری کے ان معاہدوں کو آسان اور محفوظ بنانے میں اہم کردار ادا کیا۔

بقیہ نمبر 08

موٹروے پولیس سیکٹر C-III رحیم یار خان نے دیہی علاقوں میں روڈ سیفٹی آگاہی مہم تیز کردی ہے اس سلسلے میں خصوصی آگاہی سیشن کا انعقاد کیا گیا جس میں موٹر سائیکل سواروں، ٹریکٹر ٹرالی ڈرائیورز اور گنے کے کاشتکاروں کو محفوظ سفر اور ٹریفک قوانین پر عمل درآمد کے حوالے سے آگاہی فراہم کی گئی اس موقع پر سیکٹر کمانڈر ایس پی رانا محمد اسماعیل نے کہا کہ شوگر کرشنگ سیزن کے دوران گنے سے لدی ٹریکٹر ٹرالیوں کی قومی شاہراہوں پر آمدورفت میں اضافہ ہو جاتا ہے، جس کے باعث ڈرائیورز کو معمول سے زیادہ احتیاط اور ذمہ داری کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔ گنے کی محفوظ لوڈنگ، ٹرالیوں کو مضبوطی سے باندھنے، گاڑیوں کی بیک لائٹس اور ریفلیکٹو شیٹس کی درستگی یقینی بنائی جائے تاکہ رات کے وقت بھی دیگر گاڑیوں کو ٹریکٹر ٹرالی واضح نظر آ سکے۔ انہوں نے کہا کہ موٹروے پولیس کا مقصد صرف ٹریفک قوانین پر عمل درآمد کروانا نہیں بلکہ عوام میں شعور بیدار کر کے قیمتی انسانی جانوں کا تحفظ یقینی بنانا ہے۔اس مقصد کے لیے دیہی علاقوں میں آگاہی مہم جاری رکھی جائے گی ڈی ایس پی ملک کوثر ندیم نے اپنے خطاب میں کہا کہ قومی شاہراہ استعمال کرنے والے ڈرائیورز لین ڈسپلن، مقررہ رفتار کی پابندی اور محفوظ اوورٹیکنگ کو یقینی بنائیں۔ بالخصوص پہلی مرتبہ یا کبھی کبھار قومی شاہراہ استعمال کرنے والے ڈرائیورز دوران سفر خصوصی احتیاط کریں۔ موٹر سائیکل سوار ہیلمٹ کا لازمی استعمال کریں، کم عمر بچوں کو ڈرائیونگ سے روکیں اور اپنی گاڑیوں کے سائیڈ ویو مررز اور لائٹس درست رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹریفک قوانین پر عمل درآمد کر کے بیشتر حادثات سے بچا جا سکتا ہے موٹروے پولیس کی اس مہم کا مقصد شوگر کرشنگ سیزن کے دوران محفوظ ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے، حادثات کی روک تھام اور عوام میں روڈ سیفٹی سے متعلق شعور اجاگر کرنا ہے-----

بقیہ نمبر 09

کے شعبہ تعلقات عامہ) آئی ایس پی آر (کے مطابق فیلڈ مارشل عاصم منیر نے یادگار شہدا پر پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی، انہوں نے مادر وطن کے دفاع میں جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے ایس ایس جی اہلکاروں کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔اس موقع پر فیلڈ مارشل کو ایس ایس جی کی خصوصی تربیت، آپریشنل تیاریوں اور مشن کی انجام دہی کے لیے استعداد سے متعلق بریفنگ دی گئی،انہوں نے جدید ترین خصوصی آلات کا مظاہرہ دیکھا، جبکہ ایس ایس جی اہلکاروں نے خصوصی آپریشنز میں اپنی جنگی مہارت، پھرتی اور درست کارروائی کی صلاحیتوں کا عملی مظاہرہ بھی کیا۔افسران اور جوانوں سے گفتگو کرتے ہوئے فیلڈ مارشل عاصم منیر نے ان کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، بلند حوصلے اور فرض سے غیر متزلزل وابستگی کو سراہا۔انہوں نے کہا کہ بدلتے ہوئے سیکورٹی خطرات اور نئے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے مسلسل تربیت، مقامی سطح پر صلاحیتوں کی ترقی اور آپریشنل تیاریوں پر غیر سمجھوتہ کن توجہ ضروری ہے۔

بقیہ نمبر 10

مابین تعاون، مائیگریشن، تجارت اور سرمایہ کاری کے شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ دینے پر اتفاق کیا گیا۔فریقین نے علاقائی اور بین الاقوامی پیش رفت پر تبادلہ خیال کیا اور آر فور پلس ای فور فریم ورک کے تحت جاری تعاون پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ دوطرفہ امور اور باہمی دلچسپی کے علاقائی معاملات پر پاکستان اور برطانیہ کے درمیان مسلسل تعاون کی ضرورت ہے۔

بقیہ نمبر 11

اسلام آباد کی عمارت تعمیراتی نقشوں کی منظوری حاصل کیے بغیر تعمیر کرنے پر باضابطہ نوٹس جاری کیا گیا ہے۔سی ڈی اے کی جانب سے جاری نوٹس میں اسلام آباد کیپیٹل ٹیریٹری بلڈنگ کنٹرول ریگولیشنز 2020 (ترمیم شدہ 2023) کی خلاف ورزی کی نشاندہی کی گئی ہے۔سی ڈی اے نے مدرسے کی انتظامیہ کو ہدایت کی ہے کہ نوٹس کے اجراء کی تاریخ سے 15 دن کے اندر عمارت کے تعمیراتی نقشے متعلقہ اتھارٹی میں جمع کروائے جائیں، بصورت دیگر سی ڈی اے آرڈیننس اور اسلام آباد کیپیٹل ٹیریٹری بلڈنگ کنٹرول ریگولیشنز 2020 (ترمیم شدہ 2023) کی متعلقہ دفعات کے تحت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔سی ڈی اے کے نوٹس میں مزید خبردار کیا گیا ہے کہ قانونی تقاضے پورے نہ کرنے کی صورت میں مدرسے کی عمارت کو سیل کیا جاسکتا ہے۔

بقیہ نمبر 12

گیا۔وفاقی حکومت نے یوم اقبال کے موقع پر 9 نومبر کو ملک بھر میں عام تعطیل کا اعلان کر دیا۔کابینہ ڈویژن کی جانب سے 9 نومبر کو ملک بھر میں عام تعطیل کا نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا ہے۔محکمہ سکول ایجوکیشن پنجاب نے 9 نومبر کو یوم اقبال کے سلسلے میں عام تعطیل کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا،نوٹیفکیشن کے مطابق یوم اقبال کے موقع پر پنجاب بھر کے تمام سرکاری و نجی سکول بند رہیں گے۔محکمہ سکول ایجوکیشن نے فیصلے پر عملدرآمد یقینی بنانے کیلئے تمام ضلعی ایجوکیشن اتھارٹیز کو ہدایات جاری کردی ہیں۔

بقیہ نمبر 13

ملک کے شمالی علاقوں میں معمول سے زیادہ بارشیں متوقع ہیں، جبکہ خیبر پختونخوا کے بیشتر علاقوں، آزاد کشمیر اور شمال مغربی پنجاب میں بھی معمول سے زیادہ بارشوں کی پیش گوئی کی گئی ہے۔وسطی پنجاب اور بلوچستان کے بیشتر علاقوں میں بارشیں معمول کے مطابق رہنے کا امکان ہے، جبکہ جنوبی بلوچستان، سندھ اور جنوبی پنجاب کے بعض علاقوں میں معمول سے کم بارشیں متوقع ہیں۔ آٹ لک کے مطابق نومبر میں ملک کے شمالی حصوں میں جنوبی علاقوں کی نسبت زیادہ بارشیں ہونے کا امکان ہے۔محکمہ موسمیات نے نومبر کے دوران ملک بھر میں درجہ حرارت معمول سے زیادہ رہنے کی بھی پیش گوئی کی ہے۔گلگت بلتستان، کشمیر اور شمالی خیبر پختونخوا میں درجہ حرارت معمول سے زیادہ رہنے کا امکان ہے، جبکہ گلگت بلتستان کے مشرقی علاقوں میں معمول سے زیادہ درجہ حرارت کا امکان سب سے زیادہ ظاہر کیا گیا ہے۔شمال مغربی بلوچستان اور سندھ کے جنوب مشرقی ساحلی علاقوں میں بھی درجہ حرارت معمول سے زیادہ رہنے کی توقع ہے۔

بقیہ نمبر 14

نمبر پر آ گیا، شہر میں سموگ کی اوسط شرح 338 ریکارڈ کی گئی۔محکمہ ماحولیات کے مطابق فضائی آلودگی کی صورتحال انتہائی تشویشناک ہوگئی، ایف سی کالج کے اطراف ایئر کوالٹی انڈیکس 508، پیراگون سوسائٹی میں 548 جبکہ ماڈل ٹاؤن کے علاقے میں 414 ریکارڈ کیا گیا۔ماہرین کی جانب سے بڑھتی ہوئی فضائی آلودگی کے پیش نظر شہریوں کو غیر ضروری طور پر گھروں سے باہر نکلنے سے گریز اور باہر نکلتے وقت ماسک پہننے کی ہدایت کی گئی ہے۔دوسری جانب محکمہ موسمیات کے مطابق آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران لاہور کا کم سے کم درجہ حرارت 17 جبکہ زیادہ سے زیادہ 30 ڈگری سینٹی گریڈ رہنے کا امکان ہے۔

بقیہ نمبر 15

سرکاری اداروں کو ٹیکنالوجی کے ذریعے جدید بنانے، کاغذ کے استعمال کو کم سے کم کرنے، کاغذ کے بغیر کام کرنے کے ماحول کی طرف بڑھنے اور سرکاری محکموں کے درمیان تیز تر، شفاف اور موثر ہم آہنگی کو یقینی بنانے کا تصور کرتے ہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایڈووکیٹ جنرل پنجاب کے دفتر میں ٹیبلٹ تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا جہاں پنجاب حکومت کی طرف سے فراہم کردہ ٹیبلٹس لاء آفیسرز میں تقسیم کی گئیں۔اس موقع پر ایڈووکیٹ جنرل پنجاب بیرسٹر ظفر اللہ خان، سیکرٹری قانون بلال آصف لودھی اور دیگر اعلیٰ حکام بھی موجود تھے۔صوبائی وزیر قانون نے کہا کہ ایڈووکیٹ جنرل پنجاب کے دفتر کی جانب سے لیگیلیشن مینجمنٹ سسٹم (ایل ایم ایس) کی ترقی اور نفاذ حکومتی قانونی امور کی ڈیجیٹلائزیشن کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ اس سسٹم کے ذریعے پنجاب حکومت کے مقدمات کے ریکارڈ، مانیٹرنگ، پیش رفت اور پراسیکیوشن کا انتظام ایک متحد ڈیجیٹل پلیٹ فارم کے ذریعے کیا جائے گا۔ اس اقدام سے نہ صرف لاء آفیسرز کی کارکردگی میں بہتری آئے گی بلکہ متعلقہ سرکاری محکموں کے ساتھ ہم آہنگی کو بھی تقویت ملے گی رانا محمد اقبال خاں نے یاد دلایا کہ 5 مارچ 2026 کو ہونے والی میٹنگ کے دوران ایل ایم ایس کے موثر نفاذ کو یقینی بنانے کے لیے جدید ڈیجیٹل آلات کی ضرورت پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس وقت ایڈووکیٹ جنرل پنجاب کے دفتر میں موجود آلات کو پرانا قرار دیا گیا تھا، جس سے جدید سہولیات کی ضرورت کو اجاگر کیا گیا تھا۔ اس ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے پنجاب حکومت نے مجموعی طور پر 101 جدید ٹیبلٹس فراہم کیں جن میں 75 لاء آفیسرز کے لیے اور باقی آلات کیس سے متعلقہ انتظامی امور کے لیے ہیں۔انہوں نے کہا کہ یہ ٹیبلٹس محض الیکٹرانک ڈیوائسز نہیں ہیں بلکہ لاء آفیسرز کی پیشہ ورانہ صلاحیت کو بڑھانے اور قانونی نظام کو جدید بنانے کا ایک اہم ذریعہ ہیں۔ لاء آفیسرز اب عدالتی کارروائی میں شرکت کے دوران یا اپنے دفاتر سے باہر کام کرتے ہوئے کیس کے ریکارڈ، ضروری قانونی دستاویزات اور تازہ ترین کیس اپ ڈیٹس اپنے ٹیبلیٹ کے ذریعے حاصل کرسکیں گے۔وہ متعلقہ سرکاری محکموں کے ساتھ بھی فوری رابطہ کرسکیں گے۔اس سے وقت کی بچت ہوگی، فائلوں کی نقل وحرکت کم ہوگی اور حکومتی مقدمات کی تیاری اور پراسیکیوشن میں بہتری آئے گی۔صوبائی وزیر قانون نے مزید کہا کہ سرکاری محکموں کے خلاف درج مقدمات میں جوابات، پیرا وار کمنٹس، تحریری بیانات اور متعلقہ دستاویزات بروقت جمع کرانا انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ڈیجیٹل نظام سماعت کی تاریخوں، عدالتی احکامات، مقدمات کی موجودہ صورتحال اور آئندہ قانونی تقاضوں کی نگرانی کرنا آسان بنائے گا،اس طرح غیر ضروری تاخیر کو کم کرنے اور حکومتی مفادات کے موثر تحفظ کو یقینی بنانے میں مدد ملے گی۔انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ایک مضبوط قانونی نظام کے لیے مکمل تیاری، پیشہ ورانہ مہارت اور حکومتی مقدمات کی ذمہ دارانہ کارروائی کی ضرورت ہے۔ لاآفیسرز نے اس سلسلے میں اہم کردار ادا کیا اور کیس کی بروقت کارروائی کو یقینی بنانے اور عوامی مفادات کے تحفظ کے لیے جدید ٹیکنالوجی اور دستیاب سہولیات کا بھرپور استعمال کریں۔رانا محمد اقبال خاں نے ایڈووکیٹ جنرل پنجاب بیرسٹر ظفر اللہ خاں، محکمہ قانون اور ان کی پوری ٹیم کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ حکومت پنجاب سرکاری اداروں کو جدید ٹیکنالوجی سے آراستہ کرنے اور ان کی ادارہ جاتی صلاحیت کو بہتر بنانے کے لیے اپنا تعاون جاری رکھے گی۔انہوں نے اس یقین کا اظہار کیا کہ 101 ٹیبلٹس کی فراہمی اور لیگیلیشن مینجمنٹ سسٹم کا موثر استعمال پنجاب کے قانونی نظام کو جدید بنانے اور حکومتی مقدمات کی بروقت اور موثر کارروائی کو یقینی بنانے میں ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایڈووکیٹ جنرل پنجاب بیرسٹر ظفر اللہ خان نے کہا کہ پنجاب میں عدالتی اور قانونی امور کی کمپیوٹرائزیشن کئی مراحل سے گزری ہے۔پی آئی ٹی بی کی مدد سے پیپر لیس سسٹم کو جلد مکمل کیا جائے گا۔سیکرٹری قانون بلال آصف لودھی نے کہا کہ محکمہ قانون پنجاب نے حکومتی مقدمات کی موثر مانیٹرنگ اور ڈیجیٹل مینجمنٹ کو یقینی بنانے کے لیے مختلف اصلاحات بھی متعارف کرائی ہیں۔ جنوری 2025 میں ڈائریکٹوریٹ آف مانیٹرنگ اینڈ ایویلیوایشن (DOME) کے قیام کے بعد اس شعبے میں ادارہ جاتی نگرانی اور ڈیجیٹل اصلاحات کو مزید ہموار کیا گیا تھا۔انہوں نے شرکاء کو مزید بتایا کہ اے آئی بیسڈ لیگیلیشن مینجمنٹ اینڈ ٹریکنگ سسٹم کا آغاز اکتوبر 2025 میں پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کے تعاون سے کیا گیا تھا۔اس اقدام کے تحت پنجاب بھر کے 42 سرکاری محکموں کے نمائندوں، ڈسٹرکٹ اٹارنی اور لاء آفیسرز کو بھی تربیت فراہم کی گئی۔ ان اقدامات کا مقصد سرکاری مقدمات کی نگرانی کو مضبوط بنانا، قانونی امور کے انتظام کو بہتر بنانا اور متعلقہ حکام کی پیشہ ورانہ صلاحیت کو بڑھانا تھا۔تقریب کے اختتام پر صوبائی وزیر قانون رانا محمد اقبال خاں نے لاء آفیسرز میں ٹیبلٹ تقسیم کیے اور ایڈووکیٹ جنرل پنجاب اور ان کی ٹیم کو اس اہم اقدام پر مبارکباد دی۔

بقیہ نمبر 16

ساٹ فیصد کمی کے بعد 88 ڈالرز فی بیرل ہوگیا، برینٹ تقریبا 9 فیصد کمی کے بعد 94 ڈالرز فی بیرل پر آ گیا۔اماراتی مربن کی قیمت میں ڈیڑھ فیصد کمی کے بعد 100 ڈالر فی بیرل ہوگئی۔دوسری طرف پاکستان میں بھی پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں بڑی کمی ہوئی ہے۔ پیٹرول 7 روپے 6 پیسے فی لیٹر سستا جبکہ ڈیزل 3 روپے 71 پیسے فی لیٹر سستا ہوگیا۔ پیٹرول اور ڈیزل کی نئی قیمتیں 5 نومبر کے لیے ہوں گی۔

بقیہ نمبر 17

سٹی کونسلر مرتضی احمد قریشی سابق سٹی کونسلر محمد طالب خان سابق سٹی کونسلر میر عمر مسعود صدر انجمن تاجران محمد ارشد راجپوت آفتاب احمد خان ڈاہر محمد ارحم سلیم قادری نعیم خان اکاخیل سرپرست میڈیا احسان احمد سحر صدر میڈیا کلب شیخ عزیز الرحمٰن آغا محمد سلیم ساجی کارکن جان محمد چوہان ڈاکٹر عبدالماجد بھٹی قاری عبدالمنان مولانا مظہر الحق مولانا عبدالشکور قاری عبدالمجید نون قاری محمد اکمل حافظ محمد زکریا چوہدری مدثر جام حنیف پٹرولنگ پولیس افیسر جام محمد لطیف اور بشیر احمد مغل سمیت ضلع بھر سے علمائے کرام سیاسی وسماجی شخصیات وکلا صحافیوں معززین علاقہ شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی نماز جنازہ کے بعد مرحومہ کو سپرد خاک کردیا گیا

بقیہ نمبر 18

گیا۔ بین الاقوامی مارکیٹ میں فی اونس سونے کی قیمت 96 ڈالر اضافے کیساتھ 4 ہزار 131 ڈالر ہوگئی جبکہ پاکستان میں فی تولہ سونے کی قیمت میں 9 ہزار 600 روپے اور دس گرام سونے کی قیمت میں 8 ہزار 230 روپے کا بڑا اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔قیمتوں میں اضافے کے باعث مقامی صرافہ بازاروں میں فی تولہ سونے کی قیمت 4 لاکھ 35 ہزار 636 روپے اور دس گرام سونے کی قیمت 3 لاکھ 73 ہزار 487 روپے کی سطح پر پہنچ گئی۔

بقیہ نمبر 19

گیا۔سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو راجہ جہانگیر انور، ایڈیشنل سیکرٹری، سپیشل سیکرٹری، چیف انجینئرز اور فیلڈ فارمیشنز کے افسران نے آن لائن اجلاس میں شرکت کی۔ ملاقات کے دوران صوبائی وزیر کو لوکل روڈز پروگرام کے ڈیش بورڈ پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ لوکل روڈز پروگرام کے تحت 1567 سڑکیں تعمیر کی گئی ہیں جبکہ اس پر 2000 ارب روپے سے زائد کے فنڈز ہیں۔ پروگرام کے لیے 76 ارب روپے جاری کیے گئے تھے۔صوبائی وزیر ملک صہیب احمد بھرتھ نے ہدایت کی کہ تعمیر شدہ سڑکوں کا مکمل ڈیٹا آج رات تک ڈیش بورڈ پر اپ لوڈ کر دیا جائے۔انہوں نے یہ بھی ہدایت کی کہ رات 12 بجے تک 40 سڑکوں کا ڈیٹا فوری طور پر ڈیش بورڈ پر اپ ڈیٹ کر دیا جائے۔صوبائی وزیر ملک صہیب احمد بھرتھ نے لوکل روڈز پروگرام کو کامیابی سے مکمل کرنے پر فیلڈ فارمیشنز کی کارکردگی کو سراہا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ سڑکوں کے حوالے سے جاری کردہ ایس او پیز پر سختی سے عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے اور نئی تعمیر شدہ سڑکوں کی مناسب دیکھ بھال کو ترجیح دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب کی سڑکیں عوام کو بہترین سفری سہولیات فراہم کر رہی ہیں۔



ڈائریکٹر اسٹوڈنٹ افیئرز پروفیسر آئی یو بی پروفیسر ڈاکٹر آصف نوید رانجھا یونیورسٹی کے طلباء وطالبات کے لئے بہاولپور میں معروف کاروباری اداروں کے ساتھ باضابطہ رعایتی شراکت داری کے معاہدے کررہے ہیں۔

بقیہ نمبر 20

اور کھیلوں کے فروغ کے لیے قومی سطح پر مؤثر اداروں کے قیام اور صوبوں کے درمیان بہتر رابطہ کاری کی ضرورت پر تبادلہ خیال کیا گیا۔وفاقی وزیر احسن اقبال نے کہا کہ پاکستان میں سیاحت کے فروغ کے لیے ایک خودمختار پاکستان ٹورازم اتھارٹی قائم کرنے کی ضرورت ہے، جس میں چاروں صوبوں کے نمائندے شامل ہوں اور جو قومی سطح پر سیاحتی سرگرمیوں کو مربوط انداز میں آگے بڑھائے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو ایک متحد سیاحتی منزل کے طور پر عالمی سطح پر متعارف کرانا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ پاکستان قدرتی حسن اور سیاحتی وسائل سے مالا مال ملک ہے، جس کے بے پناہ امکانات سے فائدہ اٹھانے کے لیے مؤثر حکمت عملی اور ادارہ جاتی تعاون ضروری ہے .وزیر اعظم کے مشیر برائے سیاحت سردار ایاز نے بتایا کہ پاکستان ٹورازم، اسپورٹس اینڈ فیملی فیسٹیول 2026 چھ، سات اور آٹھ نومبر کو اسلام آباد میں منعقد ہوگا، جبکہ لیک ویو پارک سمیت شہر کے مختلف مقامات پر سیاحتی اور تفریحی سرگرمیوں کا اہتمام کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 21

افتتاح کو ٹول بوتھ سسٹم اور وزن تولنے والے ویٹ اسٹیشنز کی تکمیل سے مشروط کر دیا۔ حکام کے مطابق ٹول ٹیکس وصولی کا نظام مکمل ہونے کے بعد ہی رنگ روڈ کو ٹریفک کے لیے کھولا جائے گا۔رنگ روڈ کے افتتاح سے قبل بانٹھ انٹرچینج جی ٹی روڈ پر تمام انتظامات مکمل کر لیے گئے تھے۔ بانٹھ انٹرچینج سے ٹھلیاں موٹروے لنک تک 38.3 کلومیٹر طویل روٹ مکمل، چار انٹرچینجز بھی تیار ہیں بانٹھ، چک بیلی خان، اڈیالہ اور چکری انٹرچینجز مکمل، پانچواں ٹھلیاں انٹرچینج تاحال زیر تعمیر ہے۔آر ڈی اے ذرائع کے مطابق رنگ روڈ کی فنشنگ مکمل ہوچکی، ٹول بوتھ سسٹم کی تنصیب جاری ہے۔ افتتاح کی نئی تاریخ ٹول بوتھ اور ویٹ اسٹیشنز کی تکمیل کے بعد دی جائے گی۔ واضح رہے کہ راولپنڈی رنگ روڈ کا افتتاح اس سے قبل سات مرتبہ ملتوی ہو چکا ہے، منصوبہ گزشتہ تین حکومتوں سے زیر تکمیل ہے۔

بقیہ نمبر 22

امریکی کرنسی کی قیمت میں 3 پیسے کی کمی ریکارڈ کی گئی جس کے باعث انٹربینک میں ڈالر 276 روپے 67 پیسے پر بند ہوا۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز انٹربینک میں ڈالر 276 روپے 70 پیسے پر بند ہوا تھا۔

بقیہ نمبر 23

تمام متعلقہ اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت ضروری ہے۔اس موقع پر لاہور چیمبر کے صدر علی حسام اصغر، سینئر نائب صدر سردار عثمان غنی، نائب صدر چوہدری خادم حسین، رکن قومی اسمبلی سید علی قاسم گیلانی، سابق صدور میاں مصباح الرحمٰن اور میاں عزیز الرحمٰن چن نے بھی خطاب کیا۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ ٹیکسوں کے مسائل، ریگولیٹری مشکلات، پالیسیوں میں عدم تسلسل اور کاروبار کی بڑھتی ہوئی لاگت کاروباری برادری کے حقیقی مسائل ہیں جن پر توجہ دینا ضروری ہے۔ انہوں نے لاہور کو تجارت، صنعت اور کاروباری سرگرمیوں کا اہم مرکز قرار دیتے ہوئے کہا کہ شہر کی کاروباری برادری روزگار کی فراہمی، صنعتی ترقی اور ملکی خوشحالی میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ سینیٹ ایسا قانونی اور پالیسی ماحول تشکیل دینے میں اپنا کردار ادا کرے گی جو کاروبار کے فروغ، جائز کاروباری مفادات کے تحفظ اور قومی معاشی ترجیحات کے حصول میں معاون ہو۔ انہوں نے لاہور چیمبر پر زور دیا کہ وہ پارلیمانی اداروں کے ساتھ اپنا رابطہ اور تعاون جاری رکھے، چیمبرز کا عملی تجربہ، تجاویز اور مختلف شعبوں سے متعلق معلومات قانون سازی اور پارلیمانی نگرانی کے عمل میں اہم کردار ادا کر سکتی ہیں۔کاروبار ترقی کرے گا تو روزگار کے مواقع بڑھیں گے اور ملک معاشی طور پر مضبوط ہوگا۔ لاہور چیمبر کے صدر علی حسام اصغر نے چیئرمین سینیٹ پر کاروبار سے متعلق قوانین کا جائزہ لینے، ریگولیٹری مسائل حل کرنے اور کاروبار دوست ماحول کے قیام میں کردار ادا کرنے پر زور دیا۔ انہوں نے تجویز دی کہ کاروباری برادری کی براہ راست نمائندگی یقینی بنانے کے لیے لاہور چیمبر کے صدر کو سینیٹ کی متعلقہ معاشی قائمہ کمیٹیوں کا ایکس آفیشیو رکن بنایا جائے۔انہوں نے کہا کہ بعض قوانین نے کاروبار کرنے میں آسانی اور لاگت کو متاثر کیا ہے۔انہوں نے مختلف ریگولیٹری قوانین کے تحت صنعتی و تجارتی اداروں پر چھاپوں، ایف آئی آرز اور گرفتاریوں کے معاملات کی نشاندہی کرتے ہوئے کہا کہ ایسے اقدامات سے کاروباری طبقے میں تشویش اور عدم تحفظ پیدا ہو رہا ہے۔ علی حسام اصغر نے واضح کیا کہ کاروباری برادری قوانین پر عمل درآمد اور اصلاحات کے خلاف نہیں، تاہم ان کا طریقہ کار کاروباری افراد کے لیے ہراسانی کا سبب نہیں بننا چاہیے۔ انہوں نے بتایا کہ لاہور چیمبر کی قانونی ٹیم نے پنجاب انفورسمنٹ اینڈ ریگولیٹری اتھارٹی (پیرا)، انوائرنمنٹل پروٹیکشن ایجنسی اور پنجاب فوڈ اتھارٹی سے متعلق قوانین کا تفصیلی جائزہ لیا ہے اور مشاورت کے بعد مجوزہ ترامیم تیار کر کے اسپیکر پنجاب اسمبلی کو پیش کی ہیں۔صدر لاہور چیمبر نے چیئرمین سینیٹ سے وفاقی اور صوبائی سطح پر کاروبار سے متعلق قوانین کا جائزہ لینے کے لیے موثر طریقہ کار وضع کرنے کی درخواست کی۔انہوں نے ایک خصوصی جائزہ کمیٹی کے قیام کی تجویز بھی دی جو پہلے سے نافذ قوانین اور تجارت وصنعت پر ان کے اثرات کا جائزہ لے سکے۔ سینئر نائب صدر سردار عثمان غنی نے کہا کہ چیمبرز آف کامرس کی بنیادی ذمہ داری موثر پالیسی فریم ورک کی تشکیل میں اپنا کردار ادا کرنا ہے۔انہوں نے کہا کہ متوازن پالیسی سازی ممکن نہیں جب صرف بیوروکریسی کی رائے سنی جائے اور ان پالیسیوں سے براہ راست متاثر ہونے والے اسٹیک ہولڈرز کو مشاورت میں شامل نہ کیا جائے۔انہوں نے ضلعی سطح پر معاشی ترقی کی حکمت عملی اپنانے کی ضرورت پر بھی زور دیا اور کہا کہ اسلام آباد میں مرکزی سطح پر بنائی جانے والی پالیسیاں ہر شہر اور ضلع کی مخصوص معاشی ضروریات پوری نہیں کرسکتیں۔ مقامی معاشی سرگرمیوں کے فروغ اور علاقائی مسائل کے حل کے لیے شہری اور ضلعی حکومتوں کو مضبوط بنانا ضروری ہے۔سابق صدر لاہور چیمبر میاں مصباح الرحمٰن نے تجویز دی کہ لاہور چیمبر کے عہدیداروں اور ایگزیکٹو کمیٹی اراکین کو سینیٹ کا دورہ کرنے اور اجلاس کی کارروائی دیکھنے کا موقع دیا جائے۔اس موقع پر مومن علی ملک، سابق سینئر نائب صدر رحمٰن عزیز چن، سابق نائب صدور میاں زاہد جاوید طارق محمود، چوہدری محمد فرغام، محمد علی اور شہزاد محمود سمیت دیگر بھی موجود تھے۔

بقیہ نمبر 24

پاکستان پیر طریقت رہبر شریعت حضرت پیر سید سلطان احمد شاہ مہروی نے کی۔ اجلاس میں شہر اور گردونواح سے تعلق رکھنے والے معزز علما کرام، مشائخ عظام اور دینی شخصیات نے شرکت کی اور کانفرنس کے انتظامات، پروگرام کے انعقاد اور دیگر امور کا تفصیلی جائزہ لیا۔اس موقع پر حضرت علامہ مولانا مفتی احمد عبدالرحمٰن قادری شاذلی نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عقیدہ ختم نبوت ہمارے ایمان کی اساس اور ہمارے دین کا بنیادی عقیدہ ہے۔تحفظِ ختم نبوت کے پیغام کو عام کرنا ہر مسلمان کی دینی و ملی ذمہ داری ہے۔انہوں نے لیاقت پور و گردونواح کے تاجروں، نوجوانوں اور تمام مکاتبِ فکر سے تعلق رکھنے والے مسلمانوں سے اپیل کی کہ وہ اس عظیم الشان دینی و روحانی کانفرنس میں خود اور اپنے دوستوں احباب کے ہمراہ بھرپور شرکت کرکے اپنے عشقِ رسول ﷺ اور عقیدہ ختم نبوت سے والہانہ وابستگی کا اظہار کریں۔اجلاس میں کانفرنس کے خصوصی مقررین کے ناموں کا بھی اعلان کیا گیا جن میں حضرت علامہ مولانا مفتی محمد ابراہیم قادری، قائدِ اہلِ سنت حضرت علامہ مولانا نور احمد سیال اور حضرت علامہ مولانا مفتی محمد سیف الرحمٰن اویسی شامل ہیں۔جو کانفرنس سے خصوصی خطاب فرمائیں گے۔اس موقع پر جمعیت علما پاکستان کے جنرل سیکرٹری قاری محمد اکرم چشتی سمیت دیگر علما کرام اور شرکا نے تاجدارِ ختم نبوت ﷺ زندہ باد کے فلک شگاف نعرے لگائے اور کانفرنس کو بھرپور انداز میں کامیاب بنانے کے عزم کا اظہار کیا۔ ہنگامی اجلاس میں شریک جید علما کرام اور مشائخ عظام نے اس عزم کا اظہار کیا کہ کانفرنس کے تمام انتظامات باہمی مشاورت اور دینی جذبے کے تحت مکمل کیے جائیں گے تاکہ یہ عظیم الشان اجتماع عقیدت واحترام اور مذہبی جوش وجذبے کے ساتھ منعقد ہو۔#

پبلشر
احسان احمد سحر
پرنٹر
نسیم اختر
مطبع
گردیزی پرنٹنگ پریس بہاولپور
مقام اشاعت
535-536 سرور شاہ سٹریٹ احمد پور شرقیہ

